سُورَةُ اللَّهَبِ

مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی پانچ آیات ہیں

رکوع نمبر ۱ آیات ۱ تا ۵ عـوّ ۳۰/۳۶

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○	شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ○
تَبَّتۡ يَدَاۤ اَبِىۡ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۱	ابولہب کے ہاتھ ٹوٹیں اور وہ ہلاک ہو ۱
مَاۤ اَغۡنٰى عَنۡهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۲	نہ تو اس کا مال ہی اس کے کچھ کام آیا اور نہ وہ جو اس نے کمایا ۲
سَيَصۡلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۳	وہ جلد بھڑکتی ہوئی آگ میں داخل ہوگا ۳
وَّامۡرَاَتُهٗ حَمَّالَةَ الۡحَطَبِ ۴	اور اس کی جورو بھی جو ایندھن سر پر اٹھائے پھرتی ہے
فِىۡ جِيۡدِهَا حَبۡلٌ مِّنۡ مَّسَدٍ ۵ ع ۳۶	اس کے گلے میں مونج کی رسی ہوگی ۵

PALM FIBRE

Revealed at Mecca

In the name of Allah, the Beneficent, the Merciful.

1. The power of Abū Lahab will perish, and he will perish.
2. His wealth and gains will not exempt him.
3. He will be plunged in flaming fire,
4. And his wife, the wood-carrier,
5. Will have upon her neck a halter of palm-fibre.

اسرار و معارف

ہاتھ ٹوٹ جائیں ابولہب کے اور تباہ ہوجائے اس کا نام عبد العزیٰ تھا حضرت عبد المطلب کی اولاد میں سے تھا اور سرخ رنگ ہونے کے باعث کنیت ابولہب مشہور تھی اس نے آپ ﷺ کی شدت سے مخالفت کی کہ اللہ کریم نے نام لے کر دوزخی ہونے کا اعلان فرمایا۔

اُسے اُس کا مال و زر کام نہ آئے کہ ایک پھوڑا نکلا جو بہت بدبودار تھا لاعلاج ہو کر اور تنہائی میں مر گیا اس قدر بدبو تھی کہ لاش دفن نہ ہو سکتی تھی وہی مکان اس پر گرا دیا گیا چنانچہ اس کا مال و زر کام نہ آیا اور اس کی بیوی بھی اس کے ساتھ بھڑکتے ہوئے دوزخ میں داخل ہوگی جو آپ ﷺ کی راہ میں کانٹے بچھاتی تھی، دوزخ میں اسکے گلے میں طوق ہوگا جو بٹی ہوئی رسی کی طرح کا ہوگا۔